
# ذمہ داریاں

اپنے معالج کو جس حد تک ممکن ہو اپنی موجودہ صحت، ماضی کی بیماریوں، الرجی اور دوسری متعلقہ معلومات فراہم کریں۔






مجوزہ اور طے شدہ علاج کے طریقہ کار پر سختی سے کاربند رہیں اور دی گئی ہدایات پر بڑی احتیاط سے عمل کریں۔



مریضوں کے رویہ کے بارے میں ہسپتال کے قوانین کی پابندی کریں اور دوسرے مریضوں اور طبی عملے کے حقوق کا خیال رکھیں۔




ہر طے شدہ اپوائنٹمنٹ پر حاضر ہوں یا اگر آپ کی کوئی مجبوری ہو تو اس کے متعلق ہسپتال یا کلینک کو پہلی فرصت میں مطلع کریں۔




طبی عملے کو غلط معلومات، رسیدوں اور سرٹیفیکیٹ وغیرہ کے اجراء کیلئے مجبور نہ کریں۔



طبی وسائل کو غیر ضروری طور پر ضائع نہ کریں۔


## کوئین الزبتھ ہاسپٹل
## پیشنٹ سروسز آفس

3506 8438

qeh.pro@ha.org.hk

http://www.ha.org.hk


烏爾都語 Urdu

# مریضوں کیلئے منشور



醫院管理局 HOSPITAL AUTHORITY

مریضوں کے منشور کا مقصد ہانگ کانگ کی ہسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کیلئے ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرنا ہے۔ آپ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو جان کر صحت کی خدمات انجام دینے والے لوگوں سے بہتر تعلق قائم کر سکتے ہیں جو کہ دونوں فریقین کیلئے فائدہ مند ہے۔

منشور ہذا ایسے طریقوں پر مشتمل ہے جن پر عمل کرتے ہوئے معاشرہ اور ہسپتال ایک دوسرے سے مل جل کر ایک مثبت اور سودمند تعلق سے اس نظریے کے تحت کام کرتے ہیں کہ صحت و نگہداشت کے عمل کو زیادہ موثر بنایا جائے۔

# حقوق

## علاج کا حق

**طبی مشورے اور علاج کا حق جو نگہداشت اور کوالٹی کے موجودہ قابل قبول معیار پر پورا اترتا ہو۔**



موجودہ قابل قبول معیار وہ ہے جو کہ عصر حاضر کی طبی مشق کی روشنی میں پیشہ سے وابستہ کسی ذمہ دار ادارے نے اپنا رکھے ہوں۔

## معلومات کا حق

**صحت سے متعلق دستیاب خدمات اور ان پر ہونے والی لاگت کے متعلق معلومات کے حصول کا حق۔**



یہ معلومات آپ کو ہسپتالوں کے اندر فورا دستیاب ہونی چائیے۔

**آپ کی طبی حالت سے متعلق واضح آگاہی بشمول تشخیص، مرض کےبارے میں پیشگوئی (یعنی کہ متعلقہ بیماری کے مستقبل کے بارے میں رائے) اور مجوزہ علاج بمعہ عمومی خطرات اور مناسب مشوروں کے بارے میں معلومات کے حصول کا حق۔**



آپ کا معلومات حاصل کرنے کا حق ہے جو کہ آپ کے علاج سے متعلق فیصلہ کو متاثر بھی کرسکتا ہے۔

**آپ کی حالت سے متعلق کردہ ادویات کے نام، ان کے عمومی افعال اور ممکنہ ضمنی اثرات کے بارے میں جاننے کا حق۔**




1994 کے بعد دوائیوں پر لیبل لگانے کی ہدایت کو تمام سرکاری ہسپتالوں میں مکمل طور پر نافذ کر دیا گیا ہے۔ آپ کو تجویز کردہ ادویات کے بارے میں اس پر معلومات درج ہوتی ہیں۔

**ان طبی معلومات تک حصول کا حق جو آپ کی طبی حالت اور علاج سے متعلق ہوں۔**



اس حق کی مدد سے آپ اپنے علاج سے متعلق ہونے والے فیصلوں میں شریک ہو کر صحت کی نگہداشت میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان معلومات کی فراہمی ہسپتالوں کے طے شدہ عمومی طریقہ کار پر ہو گا۔

## انتخاب کا حق

**کسی بھی نسخے، علاج یا تفتیش کو قبول کرنے یا اس سے انکارکرنے اور اس کے نتیجے میں رونما ہونے والے ممکنہ نتائج کے بارے میں آگاہی کا حق۔**



کسی بھی نسخے، علاج یا تفتیش کو قبول کرنے یا اس سے انکار کرنے کی خواہش کا احترام کیا جائے گا۔ تاہم، آپ کو اس طرح کے انکار سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کے بارے میں واضح طور پر آگاہی حاصل ہونی چائیے۔

**دوسری طبی رائے حاصل کرنے کا حق۔**



سرکاری ہسپتالوں کے اندر دراصل آپ کی دیکھ بھال طبی عملے کی ایک ٹیم کی زیرنگرانی ہوتی ہے اسلئے آپ کو طبی شعبے سے منسلک ایک سے زائد ماہرین کی رائے حاصل کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔ لیکن اگر آپ کو پرائیویٹ ڈاکٹر کی رائے لینے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، تو آپ کی اپنی ذمہ داری پر آپ کو ایسا کرنے کا حق حاصل ہے۔

**طبی تحقیق کے پروگراموں میں حصہ لینے یا نہ لینے کا حق۔**



سرکاری ہسپتالوں کی طرف سے کی جانے والے تحقیق کے پروگراموں میں حصہ لینے کیلئے آپ کی تحریری اجازت کی ضرورت ہو گی۔ اس طرح کے تحقیقی پرو گراموں سے متعلق تمام تفصیلات آپ کو پیشگی بتا دی جائیں گی۔

## رازداری کا حق

**آپ کی رازداری، وقاراور مذہبی و ثقافتی عقائد کے احترام کا حق۔**

آپ کی ذاتی خواہشات اور عقائد کا احترام کیا جائے گا بشرطیکہ اس کی تکمیل کی وجہ سے دوسرے مریضوں یا طبی شعبے سے منسلک کسی بھی شخص کا حق مجروح نہ ہوتا ہو۔ ماضی کے تجربات کی بنیاد پر مختلف ہسپتالوں میں دستیاب سہولیات ایک دوسرے سے مختلف رکھی گئی ہیں۔ لیکن آپ کی رازداری کے تحفظ کو کم از کم حد تک یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

**آپ کی طبی معلومات کو رازداری میں رکھوانے کا آپ کا حق۔**



عام طور پر، آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو آپ کی مرضی کے بغیر کسی کو بھی نہیں فراہم کیا جائے گا۔

## شکایت کا حق

**ہسپتال انتظامیہ کی طرف سے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق شکایت درج کروانے اور شکایت پر فوری اور جائز ردعمل کا حق۔**



ہر ہسپتال یا کلینک کے اندر ایک "پیشنٹ ریلیشن آفیسر" موجود ہوتا ہے جس تک آپ عمومی شکایات زبانی یا تحریری طور پر پہنچا سکتے ہیں۔ شکایات وصول ہونے پر ان کی تفتیش ہوتی ہے اور کوئی موزوں شخص ان شکایات پر عمل درآمد کی ذمہ داری اٹھاتا ہے۔ آپ کی شکایت کی روشنی میں اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں آپ کو مناسب وقت میں جواب مو صول ہوگا۔

مریضوں کے منشور کا مقصد ہانگ کانگ کی ہسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کیلئے ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرنا ہے۔ آپ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو جان کر صحت کی خدمات انجام دینے والے لوگوں سے بہتر تعلق قائم کر سکتے ہیں جو کہ دونوں فریقین کیلئے فائدہ مند ہے۔

منشور ہذا ایسے طریقوں پر مشتمل ہے جن پر عمل کرتے ہوئے معاشرہ اور ہسپتال ایک دوسرے سے مل جل کر ایک مثبت اور سودمند تعلق سے اس نظریے کے تحت کام کرتے ہیں کہ صحت و نگہداشت کے عمل کو زیادہ موثر بنایا جائے۔

# حقوق

## علاج کا حق



**طبی مشورے اور علاج کا حق جو نگہداشت اور کوالٹی کے موجودہ قابل قبول معیار پر پورا اترتا ہو۔**

موجودہ قابل قبول معیار وہ ہے جو کہ عصر حاضر کی طبی مشق کی روشنی میں پیشہ سے وابستہ کسی ذمہ دار ادارے نے اپنا رکھے ہوں۔

## معلومات کا حق

**صحت سے متعلق دستیاب خدمات اور ان پر ہونے والی لاگت کے متعلق معلومات کے حصول کا حق۔**



یہ معلومات آپ کو ہسپتالوں کے اندر فورا دستیاب ہونی چاہیئے۔



**آپ کی طبی حالت سے متعلق واضح آگاہی بشمول تشخیص، مرض کے بارے میں پیشگوئی (یعنی کہ متعلقہ بیماری کے مستقبل کے بارے میں رائے) اور مجوزہ علاج بمعہ عمومی خطرات اور مناسب مشوروں کے بارے میں معلومات کے حصول کا حق۔**

آپ کا معلومات حاصل کرنے کا حق ہے جو کہ آپ کے علاج سے متعلق فیصلہ کو متاثر بھی کرسکتا ہے۔

**آپ کی حالت سے متعلق کردہ ادویات کے نام، ان کے عمومی افعال اور ممکنہ ضمنی اثرات کے بارے میں جاننے کا حق۔**




1994 کے بعد دوائیوں پر لیبل لگانے کی ہدایت کو تمام سرکاری ہسپتالوں میں مکمل طور پر نافذ کر دیا گیا ہے۔ آپ کو تجویز کردہ ادویات کے بارے میں اس پر معلومات درج ہوتی ہیں۔



**ان طبی معلومات تک حصول کا حق جو آپ کی طبی حالت اور علاج سے متعلق ہوں۔**

اس حق کی مدد سے آپ اپنے علاج سے متعلق ہونے والے فیصلوں میں شریک ہو کر صحت کی نگہداشت میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان معلومات کی فراہمی ہسپتالوں کے طے شدہ عمومی طریقہ کار پر ہو گا۔

## انتخاب کا حق

**کسی بھی نسخے، علاج یا تفتیش کو قبول کرنے یا اس سے انکارکرنے اور اس کے نتیجے میں رونما ہونے والے ممکنہ نتائج کے بارے میں آگاہی کا حق۔**



کسی بھی نسخے، علاج یا تفتیش کو قبول کرنے یا اس سے انکار کرنے کی خواہش کا احترام کیا جائے گا۔ تاہم، آپ کو اس طرح کے انکار سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کے بارے میں واضح طور پر آگاہی حاصل ہونی چاہیئے۔

**دوسری طبی رائے حاصل کرنے کا حق۔**



سرکاری ہسپتالوں کے اندر دراصل آپ کی دیکھ بھال طبی عملے کی ایک ٹیم کی زیرنگرانی ہوتی ہے اسلئے آپ کو طبی شعبے سے منسلک ایک سے زائد ماہرین کی رائے حاصل کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔ لیکن اگر آپ کو پرائیویٹ ڈاکٹر کی رائے لینے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، تو آپ کی اپنی ذمہ داری پر آپ کو ایسا کرنے کا حق حاصل ہے۔

**طبی تحقیق کے پروگراموں میں حصہ لینے یا نہ لینے کا حق۔**



سرکاری ہسپتالوں کی طرف سے کی جانے والے تحقیق کے پروگراموں میں حصہ لینے کیلئے آپ کی تحریری اجازت کی ضرورت ہو گی۔ اس طرح کے تحقیقی پروگراموں سے متعلق تمام تفصیلات آپ کو پیشگی بتا دی جائیں گی۔

## رازداری کا حق

**آپ کی رازداری، وقاراور مذہبی و ثقافتی عقائد کے احترام کا حق۔**

آپ کی ذاتی خواہشات اور عقائد کا احترام کیا جائے گا بشرطیکہ اس کی تکمیل کی وجہ سے دوسرے مریضوں یا طبی شعبے سے منسلک کسی بھی شخص کا حق مجروح نہ ہوتا ہو۔ ماضی کے تجربات کی بنیاد پر مختلف ہسپتالوں میں دستیاب سہولیات ایک دوسرے سے مختلف رکھی گئی ہیں۔ لیکن آپ کی رازداری کے تحفظ کو کم از کم حد تک یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

**آپ کی طبی معلومات کو رازداری میں رکھوانے کا آپ کا حق۔**



عام طور پر، آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو آپ کی مرضی کے بغیر کسی کو بھی نہیں فراہم کیا جائے گا۔

## شکایت کا حق

**ہسپتال انتظامیہ کی طرف سے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق شکایت درج کروانے اور شکایت پر فوری اور جائز ردعمل کا حق۔**



ہر ہسپتال یا کلینک کے اندر ایک "پیشنٹ ریلیشن آفیسر" موجود ہوتا ہے جس تک آپ عمومی شکایات زبانی یا تحریری طور پر پہنچا سکتے ہیں۔ شکایات وصول ہونے پر ان کی تفتیش ہوتی ہے اور کوئی موزوں شخص ان شکایات پر عمل درآمد کی ذمہ داری اٹھاتا ہے۔ آپ کی شکایت کی روشنی میں اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں آپ کو مناسب وقت میں جواب موصول ہوگا۔